Moldoveneasca
Ελληνικά
Latviete
Bahasa Melayu
Türkçe
Manipuri
Afrikaans
Русский
Filipino
Suomalainen
中文
Bosanski
日本語
नेपाली
MAGYAR
عربي
עברית
Português
Slovak
Norsk
Lietuviškai
हिन्दी
Anglicized
فارسی
Français
Deutsch
Svenska
English
Español
Polski
Українскій
Bahasa Indonesia
Italiano
Tungumál
Dansk
Brasileiro
Nederlands
বাংলা
ภาษาไทย
Swahili
اردو
hrvatski
Български
Binisaya

# نشے کے عادی بے نام (N A) کے بارہ اقدام

1۔ ہم نے اعتراف کیا کہ ہم نشے کی بیماری کے آگے بے بس تھے کہ ہماری زندگیاں بدنظمی کا شکار ہو چکی تھیں۔

2۔ ہم اس یقین تک پہنچ گئے کہ ہماری ذات سے بالاتر ایک طاقت ہی دوبارہ ہماری ذہنی صحت بحال کر سکتی تھی۔

3۔ ہم نے اپنی مرضی اور زندگی کو خدا (جیسا کہ ہم نے اسے سمجھا ہے) کی نگہبانی میں دینے کا فیصلہ کر لیا۔

4۔ ہم نے بغور اور بے خوفی سے اپنی اخلاقی حالت کا جائزہ ترتیب دیا۔

5۔ ہم نے خدا سے، اپنے آپ سے اور کسی ایک انسان سے اپنی غلطیوں کی اصل نوعیت کا اعتراف کیا۔

6۔ ہم مکمل طور پر تیار ہو گئے کہ خدا ہمارے کردار کے تمام نقائص دور کر دے۔

7۔ ہم نے عاجزی سے دعا کی کہ خدا ہماری خامیاں دور کر دے۔

8۔ ہم نے ان تمام لوگوں کی فہرست بنائی جنہیں ہم نے نقصان پہنچایا تھا اور ان سب کے ساتھ تلافی کا ارادہ کر لیا۔

9۔ جہاں تک ممکن ہو سکا، ہم نے براہِ راست ان سے تلافی کی، سوائے اس کے جب ایسا کرنے سے انہیں یا کسی دوسرے کو نقصان پہنچنے کا خدشہ ہو۔

10۔ ہم نے اپنی اخلاقی حالت کا جائزہ مسلسل جاری رکھا اور جب بھی کوئی غلطی ہوئی تو ہم نے فوری اس کا اعتراف کیا۔

11۔ ہم نے دعا اور استغراق کے ذریعے خدا (جیسا کہ ہم نے اسے سمجھا ہے) سے اپنا شعوری تعلق مضبوط کیا، اپنے لئے صرف اس کی رضا کو جاننے کی دعا کی اور اس پر عمل کرنے کی طاقت مانگی۔

12۔ ان اقدام پر عمل کرنے کے نتیجہ میں روحانی طور پر بیدار ہونے کے بعد ہم نے یہ پیغام دوسرے نشے کے عادیوں تک پہنچانے کی کوشش کی اور اپنی زندگی کے تمام معاملات میں انہی اصولوں پر کاربند رہے۔

AA World Services Inc کی اجازت سے بارہ اقدام اور بارہ روایات اپنانے کیلئے دوبارہ چھاپی گئی۔

Moldoveneasca Ελληνικά Latviete
Bahasa Melayu Türkçe Manipuri Afrikaans
Русский Filipino Suomalainen 中文
Bosanski

# نشے کے عادی بے نام (N A) کی بارہ روایات

1۔ ہماری مشترکہ بھلائی سب سے پہلے ہونی چاہئے، ذاتی صحت یابی کا عمل این اے کے اتحاد پر مبنی ہے۔

2۔ ہمارے گروپ کے مقصد میں قطعی حاکمیت صرف...... ایک پیار کرنے والے خدا کی ہوتی ہے جیسا کہ وہ ہمارے اجتماعی شعور میں ظاہر ہوتا ہے۔ ہمارے رہنما ہمارے قابل اعتماد خادم ہیں؛ وہ حکم نہیں چلاتے۔

3۔ رکنیت حاصل کرنے کے لئے ضروری چیز صرف نشہ چھوڑنے کی خواہش ہے۔

4۔ ہر گروپ کو خودمختار ہونا چاہئے، سوائے ان معاملات کے جو دوسرے گروپس یا مجموعی طور پر این اے پر اثر انداز ہوں۔

5۔ ہر گروپ کے مقاصد میں سے ایک بنیادی مقصد...... نشے کے اس عادی تک این اے کا پیغام پہنچانا ہے جو ابھی تک اذیت میں مبتلا ہے۔

6۔ این اے گروپ کیلئے ضروری ہے کہ وہ کسی کی بھی حمایت نہ کرے، نہ سرمایہ کاری کرے اور نہ کسی کو اپنا نام استعمال کرنے دے، مبادا کہ پیسہ، جائیداد یا عزت کا مسئلہ ہمیں ہمارے بنیادی مقصد سے نہ ہٹا دے۔

7۔ ہر این اے گروپ کیلئے ضروری ہے کہ وہ مکمل طور پر اپنی مدد آپ کے تحت چلے، باہر سے ملنے والی امداد کو قبول نہ کرے۔

8۔ نشے کے عادی بے نام (N A) کو ہمیشہ غیر پیشہ ورانہ ہونا چاہئے مگر ہمارے سروس سنٹر مخصوص کارکن اجرت پر رکھ سکتے ہیں۔

9۔ این اے کو اپنی مجموعی حیثیت میں کبھی بھی ایک ادارے کی شکل نہیں دی جا سکتی، مگر ہم ایسے سروس بورڈ یا کمیٹیاں بنا سکتے ہیں جو براہ راست ان لوگوں کے لئے ذمہ دار ہیں جن کی وہ خدمت کر رہے ہیں۔

10۔ نشے کے عادی بے نام (N A) بیرونی معاملات پہ کوئی رائے نہیں رکھتے؛ تاکہ این اے کا نام کبھی کسی عوامی اختلاف میں نا گھسیٹا جا سکے۔

11۔ ہماری عوامی رابطہ پالیسی کی بنیاد تشہیر پر نہیں بلکہ کردار کی کشش پر ہے؛ ہمیں پریس، ریڈیو اور فلم میں اپنی ذاتی بے نامی کو ہمیشہ برقرار رکھنے کی ضرورت ہے۔

12۔ بے نامی ہماری تمام روایات کی روحانی بنیاد ہے اور ہمیشہ یاد دلاتی ہے کہ اصولوں کو شخصیات پر ترجیح دینی ہے۔

AA World Services Inc کی اجازت سے بارہ روایات اپنانے کیلئے دوبارہ چھاپی گئی۔

日本語 MAGYAR عربي Português हिन्दी Anglicized Deutsch Svenska Polski
नेपाली עברית Slovak Norsk Lietuviškai فارسی Français English Español
Bahasa Indonesia Українскій Dansk Swahili اردو Brasileiro hrvatski Nederlands Български Italiano Tungumál বাংলা ภาษาไทย Binisaya